# انٹرلوپ لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

جمعہ 13 اکتوبر، 2023 کو صبح 10:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹو کلب، 7-Km کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں برائے خصوصی کارروائی بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے:

فون: +92-41-4360400 Email: general.meetings@interloop.com.pk Website: www.interloop-pk.com

| | |
|---|---|
| فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| ملکیت میں شیئرز | |
| CNIC/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| CNIC/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) مجاز دستخط کنندہ کا (نقل منسلک کی جائے) | |

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 7:

کمپنی کو انٹرلوپ لمیٹڈ کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل بڑھانے کا اختیار دینے اور دیگر درکار منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کرنے کے لیے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 85 کے حوالے سے خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب خیال کیا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اس کو منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ کمپنی کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل 10 روپے (دس روپے) فی کے 1,500,000,000 (ایک بلین پانچ سو ملین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 15,000,000,000 روپے (مبلغ پندرہ بلین روپے صرف) سے بڑھا کر 10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 50,000,000,000 (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) کر دیا جائے اور کیا جاتا ہے۔ یہ ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ آرڈینری شیئرز کے برابر ہوں گے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ کمپنی کے منظور شدہ کیپیٹل میں اس اضافے کے بعد کسی بھی ایسی تبدیلیوں سے مشروط جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ضرورت ہوں اور قابل اطلاق قوانین کے تحت درکار رسمی کارروائیوں/طریقہ کار کی تکمیل سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن (MOA) کی موجودہ شق V کو تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا کیا جاتا ہے۔ تبدیلی کے بعد مندرجہ ذیل شق V کو اس طرح پڑھا جائے گا؛

**میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V:**

" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) ہے، جس کے ساتھ ایسے ترجیحی، التوائی، کوالیفائیڈ یا خصوصی حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں، جن کا ذکر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کیا گیا ہے یا وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 سے مطابقت رکھتی ہیں اور ان حقوق، مراعات اور شرائط کو اس طریقے سے مختلف، تبدیل یا منسوخ کرتی ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی رو سے اجازت دی گئی ہے اور سرمائے کو بڑھانا اور/یا کم کرنا اور شیئرز کو کیپیٹل میں تقسیم کرنا، ان کی کئی لحاظ سے درجہ بندی کرنا اور شیئرز کو مربوط یا ان کی ذیلی تقسیم کرنا اور زیادہ یا کم فرق کے شیئرز جاری کرنا"۔

**مزید قرار طے پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 8:

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر، محفوظات کے استعمال سے متعلق کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی دفعات کو کسی تبدیلی، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر، درکار منظوریوں سے مشروط، اگر کوئی ہو، مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ کمپنی کے ممبرز اس بارے میں منظوری دیں اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے کہ کسی ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع و نقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ جب بھی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debentures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور سے ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا اختیارات ملنے کے بعد کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے موجودہ آرٹیکل 129 کو 129A اور 129B سے تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا تبدیل کیا جاتا ہے، اب یہ مندرجہ ذیل کی طرح پڑھا جائے گا۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129A:**

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع و نقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے"۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129B:**

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جب بھی اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debentures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور پر ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے"۔

**مزید قرار طے پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 9:

کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6)223، S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی مطابقت سے کمپنی کے ممبرز کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) بذریعہ QR enabled کوڈ اور ویب لنک بھیجنے کے قابل بنانے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو کسی ردوبدل، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ کمپنی، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ S.R.O 389(I)/2023 کے مطابق سالانہ رپورٹ بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور اس میں شامل دیگر رپورٹس کمپنی کے ممبرز کو QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے اور یہ کہ سالانہ رپورٹ USB / CD کے ذریعے بھیجنے کا طریقہ ختم کر دیا جائے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 10:

انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، (ESOS) 2016 میں ترمیم پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو کسی تبدیلی کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ تمام مطلوبہ منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط ESOS کی شق 10 میں مندرجہ ذیل نئی ذیلی شق شامل کرتے ہوئے اس میں ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ ترمیم کی جاتی ہے:

'10.2. مارکیٹ کی مایوس کن صورت حال کے باعث، جیسا کہ اس میں کہا گیا ہے، محفوظ بنایا جائے، اور اگر ایکسرسائز پرائس موافق اور دلکش نہ ہو تو کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو الاٹ کرنے کے فیصلے کے دن مارکیٹ کی کلوزنگ پرائس پر تمام آپشنز کی %10- تک از سر نو قیمت مقرر کرنے کا اختیار ہوگا"۔

**مزید قرار طے پایا** کہ ترمیم شدہ انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، 2016 مذکورہ بالا ترمیم شامل کرتے ہوئے منظور کی جائے اور بذریعہ ہذا منظور کی جاتی ہے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 11:

مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل، اضافے یا تحریف کے ساتھ یا بغیر عام قرارداد کی حیثیت سے اسے منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ ٹارگٹ کمپنی یعنی ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی، انکارپوریشن (ٹاپ)، یو ایس اے اور بعد میں اس کے %64 ایکوئٹی سٹیک کے حصول کے لیے، اُن شرائط و ضوابط پر جن پر دونوں فریق باہمی طور پر رضامند ہوں گے، طویل المدت ایکوئٹی سرمایہ کاری کرنے کے لیے، جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کے قوانین کے تحت انکارپوریٹیڈ ہے، جہاں یہ رجسٹرڈ ہے، تمام قابل اطلاق ریگولیٹری اور کارپوریٹ منظوریوں، جو بھی درکار ہوں، سے مشروط کمپنی کی منظوری حاصل کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ منظوری دی جاتی ہے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ ان مقاصد کے لیے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، کو بشمول ان کے مندوبین/ایجنٹس اور/یا قانونی مشیر، یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ ایسے تمام کام، افعال، اور معاملات انجام دیں اور بشمول معاہدے (معاہدوں) پر دستخط کرنے اور ان پر عمل کروانے، بشمول شیئر پرچیز ایگریمنٹس، شیئر ہولڈرز ایگریمنٹس ("ایگریمنٹس") اور کسی بھی دوسری دستاویز جو دونوں ملکوں کے قابل اطلاق قانون کے حوالے سے ان کے مخصوص فارمیٹس کے مطابق درکار ہو اور جیسا کہ ریگولیٹری حکام کی طرف سے منظوری دی گئی ہو پر دستخط اور عمل کروانے سمیت تمام ضروی اقدامات کریں، ایسی تمام قانونی کارروائیاں مکمل کریں جو مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا ناگزیر ہوں اور کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

**مزید قرار طے پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بشمول کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کے مندوبین/ایجنٹس اور/یا قانونی مشیر کو مزید یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ معاہدوں کو موثر بنانے اور/یا کمپنی کی طرف سے ان پر عمل کروانے اور فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری یا اتفاقی امور انجام دیں اور معاہدوں کو موثر بنانے اور حصول کے لیے ضروری یا درکار کسی یا تمام دستاویزات اور سمجھوتوں کو جو دونوں ملکوں کے ریگولیٹری حکام کی ضرورت ہوں جمع یا پیش کریں اور حصول کو مکمل کریں، بشمول معاہدوں کی شرائط اور/یا ان معاہدوں میں کسی ترمیم، تبدیلی یا ردوبدل پر بات چیت کریں، بشرطیکہ یہ ترامیم، تبدیلیاں، یا ردوبدل کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 12:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور/یا 208 کے مطابق مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اسے خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

**قرار طے پایا** کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور 208 کی دفعات کے مطابق، کمپنی کے ممبرز کی طرف سے منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز، انٹرلوپ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (انٹرلوپ کے ایسوسی ایٹ) کی کل ملکیتی سبسڈری میسرز سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مشینری، زمین اور عمارت اور دوسرے فکسڈ اثاثوں سمیت اس کا پراڈکشن پلانٹ خریدنے کے لیے تمام متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی منظوری سے مشروط، ایک ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ (APA) کرے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا مشترکہ طور پر اور / یا الگ الگ بااختیار ہوں اور بذریعہ ہذا انھیں یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اثاثوں کی خریداری، تمام مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کے حصول، مذکورہ بالا کے مقاصد کے حصول کے لیے قانونی مشیر (مشیروں) اور دوسرے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے، مطلوبہ درخواست (درخواستیں)، دیگر قانونی فارم اور تمام دوسری دستاویزات داخل کرنے جو ایس ای سی پی یا کسی دوسری اتھارٹی کے پاس جمع کرانے کی ضرورت ہو، ایسی تمام دستاویزات جمع کرانے، جن کی ضرورت ہو، اثاثوں کے حصول اور ان کی رجسٹریشن کے لیے تمام ضروری سمجھوتوں، ڈیڈز اور دستاویزات کو روبہ عمل لانے (قابل اطلاق حد تک) اور دوسرے تمام معاملات اتفاقی یا تائیدی کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔

**مزید قرار طے پایا** کہ اگر ایس ای سی پی اور/یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کی طرف سے کسی غلطی، صرفِ نظر یا کوتاہی کی نشان دہی کی جائے یا ایس ای سی پی اور / یا کسی مجاز اتھارٹی کو مذکورہ بالا قرارداد (قراردادوں) میں کسی ترمیم، ردوبدل، اضافے یا احذاف کی ضرورت ہو تو چیف ایگزیکٹو اور / یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور الگ الگ یہ اختیار حاصل ہو اور بذریعہ ہذا یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ممبرز کی منظوری کی ضرورت کے بغیر ایسی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا تحریف کریں، جیسا کہ ضرورت ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 13:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/یا 208 (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) کے ضمن میں تعلق دار فریقوں سے لین دین / کیے جانے والے انتظامات / یا جو کیے جانے ہیں، کے حوالے سے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے بغیر یا ساتھ اس کی توثیق کرنا اور منظوری دینا (جو بھی صورت ہو)۔

**قرار طے پایا** کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی، جیسا کہ مذکورہ مدت کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات کے Note 43 میں منکشف کیا گیا ہے، توثیق کی جائے اور منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا یہ توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔

**مزید قرار طے پایا** کہ کمپنی 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ اس حد تک گڈز، کموڈیٹیز، اور میٹیریلز کی خرید و فروخت، بشمول مگر اسی حد تک محدود نہیں، خدمات کی فراہمی یا شیئر سبسکرپشن کے لیے، جسے بورڈ آف ڈائریکٹرز مناسب سمجھے اور/یا اس کی منظوری دے، انتظامات کرنے یا وقتاً فوقتاً لین دین کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے۔ ممبرز نے یہ بات نوٹ کی کہ مذکورہ بالا انتظامات اور لین دین میں بعض ڈائریکٹرز یا ان کی اکثریت کی دلچسپی ہوسکتی ہے۔ اس کے باوجود ممبرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے بشمول کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/ یا 208 کے تحت (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) وقتاً فوقتاً منظور کردہ تمام تعلق دار فریقوں کے ساتھ لین دین کا جائزہ لینے کے لیے بذریعہ ہذا پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں۔

**مزید قرار طے پایا** کہ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے تعلق دار فریق سے لین دین ممبرز کی طرف سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور اگر ضرورت ہوئی تو اسے توثیق اور منظوری کے لیے اگلے سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

## انتخاب کے لیے ھدایات

1. برائے مہربانی متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگاتے ہوئے اپنا ووٹ ظاہر کریں۔

2. اگر دونوں خانوں میں (✓) کا نشان لگا ہوا ہے تو آپ کے ووٹ کو "مسترد" سمجھا جائے گا۔

میں/ہم ذیل میں متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگا کر ووٹ کے ذریعے اپنی/ہماری توثیق یا اختلاف کا اظہار کرتے ہوئے مذکورہ بالا قرارداد کے ضمن میں میرے/ہمارے ووٹ کا استعمال کر رہا/رہے ہیں۔

| قراردادیں | عام شیئرز کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے | میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتے ہیں | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 7 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 8 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 9 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 10 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 11 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 12 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 13 | | | |

### گزارشات:

1. صحیح طریقے سے پُر کیا ہوا بیلٹ پیپر، الصادق پلازہ، P-157 ریلوے روڈ، فیصل آباد کے پتہ یا ای میل general.meetings@interloop.com.pk پر انٹرلوپ لمیٹڈ کے چیئرمین کو بھیجا جائے۔
2. (غیر ملکی کی صورت میں) CNIC/پاسپورٹ کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔
3. بیلٹ پیپر، جمعرات، 12 اکتوبر، 2023 کو کاروباری اوقات کے اندر چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیئے۔ جو بیلٹ پیپر اس تاریخ کے بعد موصول ہوگا وہ ووٹنگ کے لیے قابل غور نہیں ہوگا۔
4. بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC/ پاسپورٹ پر دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں (غیر ملکی کی صورت میں)۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غیر درست، خراب حالت میں، کٹے پھٹے، مسخ شدہ، لفظ کاٹ کر دوبارہ لکھا ہوا انتخابی پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (s)138 یا 139 کے مطابق کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز فرد کی CNIC کی نقل، بورڈ قرارداد، / نمائندگی نامہ/اجازت نامہ کی ایک تصدیق شدہ کاپی لازمی ہونی چاہیئے، جیسا کہ غیر ملکی کارپوریٹ باڈی وغیرہ کی صورت میں قابل اطلاق ہے۔ تمام دستاویزات اُس قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہوں جس کے دائرہ اختیار میں یہ ممبر ہو۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر فراہم کر دیا گیا۔ ممبرز، ویب سائیٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اصل/اخبارات میں شائع شدہ بیلٹ پیپر کی فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈر(s) کے دستخط / مجاز دستخط کنندہ ____________ تاریخ: ____________ مقام: ____________

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں برائے مہربانی کمپنی کی مہر لگائیں)